کتاب کا نام :المعجم الحدیث فی علوم الحدیث(عربی)

مصنف : الدکتور ساجد الرحمٰن الصدیقی

ناشر : دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان ۲۰۰۵ء

قیمت وصفحات : درج نہیں۔۱۴۷صفحات

ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور اصطلاحات حدیث کی وضاحت پر مشتمل ہے
کتاب کی ترتیب ابجدی ہے

مندرجہ بالا عربی کتاب کا ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے دونوں کی ترتیب میں یکسانیت ہے۔
یہ بہت اعزاز کی بات ہے کہ انٹرنیشنل ادارہ نے ڈاکٹر صاحب کی کتاب شایع کی ہے۔

کتاب کا نام : اسلامی فقہ کے اصول ومبادی

مصنف : ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صدیقی

ناشر : دار التذکیر رحمٰن مارکیٹ غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور ۲۰۰۱ء

فون 7231119

قیمت وصفحات : ۱۳۰روپے۔۲۸۳صفحات

ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب اصول فقہ کے ان مباحث پر مشتمل ہے جو متداول اصول فقہ کی اردو کتب میں زیر بحث نہیں آتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے پوری کتاب انتہائی محنت کے ساتھ باحوالہ مرتب کی ہے کتاب کے اہم مباحث یہ ہیں۔ اسلامی شریعت کا معنی ومفہوم، محاسن وخصوصیات، اصول فقہ کا ارتقاء اور جامع تصانیف احکام شریعت۔ حکم اور اس کی اقسام۔ اسلامی فقہ کے چار مآخذ مصالح مرسلہ، عرف، استحسان، اور قواعد استنباط وغیرہ

آخر میں اجتہاد اور ان کی شرائط سے بحث ہے۔ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے ہر باب کے آخر میں جملہ حوالہ جات درج کر دیئے گئے ہیں۔